دفعہ ۱۸ ۔ (۱) جب کسی دستاویز پر رسوم مالیت کے لحاظ سے واجب الادا ہو اور مالیت کسی ملک غیر کے سکہ میں ظاہر کی گئی ہو تو رسوم اسٹامپ سکہ عثمانیہ کے حساب سے اس شرح بازار سے محسوب ہوگی جو بتاریخ دستاویز ہو ۔

(2) The Government may, from time to time, by notification, prescribe a rate of exchange for any foreign currency into the Osmania Currency; and the rate contained in such notification shall be deemed to be the market-rate for the purposes of sub-section (1).

(۲) ۔ سرکار عالی وقتاً فوقتاً بذریعہ اشتہار یہ قرار دے سکے گی کہ کسی غیر ملک کے سکہ کی شرح بٹاون سکہ عثمانیہ کے ساتھ کیا ہوگی اور جو شرح ایسے اشتہار میں درج ہو وہ ضمن (۱) کی اغراض کے لئے شرح بازار متصور ہوگی ۔

Mode of valuing stocks or other negotiable securities.

19. Where *advalorem* duty is payble on any instrument in respect of any stock or security such duty shall be calculated at the average market price of such stock or security on the date of the instrument.

اسٹاک یا دیگر کفالت نامہ جات قابل بیع و شری کے تعیین مالیت کا قاعدہ ۔

دفعہ ۱۹ ۔ جب کسی دستاویز پر رسوم کسی اسٹاک یا کفالت نامہ کی مالیت کے لحاظ سے واجب الادا ہو تو ایسی رسوم تاریخ دستاویز پر اس اسٹاک یا کفالت نامہ کی اوسط قیمت بازار کے لحاظ سے

قانون اسٹامپ۔ نشان (۴) ۱۳۲۱ف

Effect of statement of rate of exchage or average market-price in instrument.

20. Where an instrument contains a statement of rate of exchange or the average market-price, and the instrument is stamped in accordance with such statement, it shall, so far as the statement relates to the subject matter of the instrument, be presumed, unless the contrary is proved, to be duly stamped.

دستاویز میں شرح بٹاون یا اوسط قیمت بازار کے اندراج کا اثر۔

دفعہ ۲۰۔ جب کسی دستاویز میں شرح بٹاون یا اوسط قیمت بازار کے متعلق کوئی کیفیت درج ہو اور اُس دستاویز پر اُس کیفیت کے لحاظ سے اسٹامپ لگایا گیا ہو تو بجز اس کے کہ اوس کے خلاف ثابت ہو جہاں تک کہ اُس کیفیت کا تعلق مندرجہ دستاویز سے ہے یہ قیاس کیا جائے گا کہ وہ دستاویز حسب ضابطہ اسٹامپ شدہ ہے۔

Instruments by which Interest is payable.

21. Where interest is expressly made payable by the terms of an instrument, such instrument shall not be chargeable with duty higher than that with which it would have been chargeable had no mention of interest been made therein.

دستاویزات جن میں سود واجب الادا ہو۔

دفعہ ۲۱۔ جب کسی دستاویز کی شرائط کے لحاظ سے سود بالصراحت واجب الادا ہو تو اُس دستاویز پر اُس سے زیادہ رسوم واجب الاخذ نہ ہوگی جو اس صورت میں ہوتی جب اُس میں سود کی ادائی کا کوئی ذکر نہ ہوتا۔

Duty on conveyance when consideration thereof is debt; or when it contains promise to advance money in future.

22. Where any property is transferred to any person in consideration, wholly or in part, of any debt due to him, or on condition that the transferee either absolutely or contingently, shall make the payment of any money or transfer any stock, whether being a charge or incumbrance upon the property trans-

دستاویز انتقال پر رسوم جب اس کا بدل قرضہ ہو یا اُس میں آئندہ قرضے دینے کا وعدہ۔

دفعہ ۲۲۔ جب کوئی جائداد کسی شخص کے حق میں کلاً یا جزاً بمعاوضہ کسی قرضہ یا رقم کے منتقل کی جائے یا اس شرط پر منتقل کیجائے کہ منتقل الیہ

ferred or not, such debt, money or stock shall be deemed to be the full consideration or part thereof, as the case may be and an *ad valorem* duty in respect of the amount of such consideration shall be payable on such transfer of property :

بلا کسی قید کے یا کسی خاص صورت میں کوئی رقم ادا کرے گا یا کوئی اسٹاک منتقل کرے گا خواہ اسکی بابت جائداد منتقل شدہ پر کفالت یا مواخذہ ہو یا نہ ہو تو ایسا قرضہ ، رقم یا اسٹاک اُس معاوضہ کا کل یا جزو (جیسی صورت ہو) متصور ہوگا اور اُس انتقال جائداد کی بابت اُس معاوضہ کی مالیت کے لحاظ سے رسوم اسٹامپ واجب الادا ہوگی ۔

Provided that nothing in this section shall apply to the certificate of sale as mentioned in Article 12 of the Schedule.

مگر شرط یہ ہے کہ دفعہ ہذا کا کوئی مضمون اُس سند نیلام سے متعلق نہ ہوگا جس کی ضمیمہ کی مد (۱۲) میں صراحت ہے ۔

Explanation :— When any property is sold subject to a mortgage or other incumbrance, the money remaining unpaid in respect of the mortgage or encumbrance together with the interest thereon shall be deemed to be part of the consideration for sale :

توضیح ۔ جب کوئی جائداد کسی رہن یا اور کفالت کے تحت بیع کی جائے تو اُس رہن یا کفالت کی بابت جو رقم غیر مودی ہو مع اُس کے سود کے زرثمن کا جزو متصور ہوگی ۔

Provided that, where a property subject to a mortgage is transferred to the mortgagee, he shall be entitled to deduct from the duty payable the duty already paid in the past in respect of such mortgage.

مگر شرط یہ ہے کہ جب کوئی ایسی جائداد جو کسی رہن کے تابع ہو مرتہن کے حق میں منتقل کی جائے تو وہ رسوم واجب الادا میں سے اُس رسوم کے منہا کرنے کا مستحق ہوگا جو اس رہن کی بابت سابق میں ادا کی جا چکی ہو

ILLUSTRATIONS.

(1) A owes B Rs. 1,000. A sells his property to B, the consideration of sale being Rs. 500 and the release of the previous debt of Rs. 1,000. Stamp duty shall be calculated on Rs. 1500.

(2) A sells his property to B for Rs. 500. The property is subject to a previous mortgage to C for Rs. 1,000 and Rs. 200 are payable towards interest. Stamp duty shall be calculated on Rs. 1,700.

(3) A mortgages his house of the value of ten thousand rupees with B for five thousand rupees. B afterwards buys the house from A. An *advalorem* duty on ten thousand rnpees less the duty already paid for the mortgage shall be payable on the sale deed.

تمثیلات

(۱) زید پر بکر کا الف روپیہ قرضہ ہے ۔ زید بکر کے حق میں اپنی جائداد بیع کرتا ہے اور بیع کا بدل صماء اور سابقہ الف روپیہ قرضہ کی بے باقی ہے ۔ رسوم اسٹامپ الصماء پر محسوب ہوگی

(۲) ۔ زید اپنی جائداد بکر کے ہاتھ صماء میں بیع کرتا ہے ۔ اس جائداد پر خالد کا الف روپیہ کا سابقہ رہن ہے ۔ اور سود کی بابت مبلغ ۲۰۰ واجب الادا ہیں رسوم اسٹامپ الف ۱۷۰۰ پر محسوب ہوگی ۔

(۳) ۔ زید اپنا دس ہزار کی مالیت کا مکان بکر کے پاس پانچ ہزار میں رہن رکھتا ہے اُس کے بعد بکر اُس مکان کو زید سے خرید لیتا ہے ۔ بیع نامہ پر دس ہزار کی رقم کے لحاظ سے رسوم واجب الادا ہوگی لیکن اُس میں سے وہ رسوم منہا کی جائے گی جو رہن کی بابت سابق میں ادا ہو چکی ہے ۔

(Translation)

Valuation in case of annuity, etc.

23. Where an instrument is executed for the purpose that any sum be paid annually or at the prescribed time or where the consideration for a conveyance is a sum payable annually or at a prescribed time, the valuation shall, for the purposes of this Act, be made in the following manner :—

(a) where the sum is payable for a definite period and the total amount to be paid can be ascertained on such total amount ;

(b) where the sum is payable in perpetuity or for an indefinite period not terminable at the death of any person who is alive at the date of the instrument or conveyance, on the total amount which, according to the terms of the instrument or conveyance, is payable during the period of twenty years from the date on which the amount for the first time becomes due.

قانون اسٹامپ ۔ نشان (۴) ۱۳۳۱ ف

سالیانہ وغیرہ کی صورت میں تعیین مالیت ۔

دفعہ ۲۳ ۔ جب کوئی دستاویز اس غرض سے تکمیل کی جائے کہ کوئی رقم سالانہ یا وقت مقررہ پر ادا کی جائے گی یا جب کسی دستاویز انتقال کا بدل ایسی رقم ہو جو سالانہ یا وقت مقررہ پر قابل ادائی ہو تو قانون ہذا کی اغراض کیلئے تعیین مالیت بہ طریق ذیل کیا جائے گا :۔

(الف) ۔ جب رقم ایک معین مدت کے لئے ادا شدنی ہو اور کل رقم جو ادا ہوگی اُس کا تعین ہو سکتا ہو ایسی مجموعی رقم کے لحاظ سے ۔

(ب) ۔ جب رقم دوامًا یا غیر معین مدت تک ادا شدنی ہو جو مدت کسی ایسے شخص کی موت پر ختم نہ ہونے والی ہو جو تاریخ دستاویز یا دستاویز انتقال پر وجود میں آچکا ہو ۔ اُس مجموعی رقم کے لحاظ سے جو دستاویز یا دستاویز انتقال کی شرائط کے لحاظ سے اول مرتبہ رقم واجب الادا ہونے کی تاریخ سے بیس سال کی مدت تک ادا شدنی ہو ۔

(c) where the sum is payable for an indefinite period terminable at the death of any person who is alive at the date of instrument or conveyance on the total amount which is payable during the period of twelve years from the date on which the amount for the first time becomes due.

(ج) ۔ جب رقم غیر معین مدت تک ادا شدنی ہو جو مدت کسی ایسے شخص کی موت پر ختم ہونے والی ہو جو تاریخ دستاویز یا دستاویز انتقال پر وجود میں آچکا ہو ۔ اُس مجموعی رقم کے لحاظ سے جو اول مرتبہ رقم واجب الادا ہونے کی تاریخ سے بارہ سال کی مدت تک ادا شدنی ہو ۔

Stamp duty where value of subject matter of instrument is indeterminate.

24. Where the instrument is such that ad valorem duty is payable thereon and the amount or value of such subject matter cannot be ascertained at the date of execution or first execution of such instrument, nothing shall be claimable under such instrument more than the amount or value for which, if determined in such instrument, the stamp actually used on such instrument would have been sufficient :

دفعہ ۲۴ ۔ جب رسوم اسٹامپ جب شئے مندرجہ دستاویز کی مالیت غیر معین ہو ۔

دستاویز نوعیت کے لحاظ سے ایسی ہو کہ اُس پر رسوم شئے مندرجہ دستاویز کی رقم یا مالیت کے لحاظ سے واجب الادا ہو اور شئے مذکور کی رقم یا مالیت کا تعین دستاویز مذکور کی تکمیل یا تکمیل اول کے وقت نہ ہوسکتا ہو تو ایسی دستاویز کی بنا پر اُس سے زیادہ رقم یا مالیت کا دعویٰ نہ ہوسکے گا جس کا اُس دستاویز میں تعین کئے جانے کی صورت میں وہ اسٹامپ کافی ہوتا جو اُس دستاویز پر فی الواقع استعمال کیا گیا ہے ۔

Provided that when a mine in which royalty or a share of the produce thereof is payable as rent or part of the

مگر شرط یہ ہے کہ جب کسی معدن کا اجارہ دیا گیا ہو جس میں حق شاہی یا پیداوار معدن کا

(Translation)

rent, is leased out, it shall be sufficient to have estimated such royalty or the value of the share, for the purposes of stamp duty, in the following manner :—

(a) when the lease has been granted by the Government the royalty or value of the share payable to the Government shall be determined by the Taluqdar after considering all the circumstances ; and the stamp duty shall be used accordingly ;

(b) when the lease has been granted by any other person it shall be determined at twenty thousand rupees a year; and the whole amount of such royalty or share, whatever the amount may be, shall be claimable:

Provided also that, where proceedings have been taken in respect of an instrument under sections 29 and 39, the amount certified by the Taluqdar shall be deemed to be the stamp actually used at the date of execution of the instrument.

کوئی حصہ بطور کرایہ یا جرد کرایہ ادا شدنی ہو تو رسوم اسٹامپ کی اغراض کے لئے اس حق شاہی یا حصہ کی مالیت کا حسب طریق ذیل اندازہ کیا جانا کافی ہوگا :۔

(الف) ۔ جب اجارہ سرکار عالی کی جانب سے دیا گیا ہو تو حق شاہی یا حصہ کی مالیت کا تعین جو سرکار عالی کو واجب الوصول ہوگا جملہ حالات پر غور کرنے کے بعد تعلقدار کرے گا اور اُس کے لحاظ سے رسوم اسٹامپ استعمال کیا جائیگا۔

(ب) ۔ جب اجارہ کسی اور شخص نے دیا ہو تو اُس کا تعین عـــــــ ۔۔ بیس ہزار روپیہ سالانہ کے لحاظ سے کیا جائے گا۔ اور اُس حق شاہی یا حصہ کی کامل رقم کی بابت دعوی کیا جاسکے گا خواہ اُس کی مقدار کچھ ہی ہو۔ اور یہ بھی شرط ہے کہ جب کسی دستاویز کے متعلق کارروائی حسب دفعہ ۲۹ اور ۳۹ کی گئی ہو تو جس رقم کی تصدیق تعلقدار نے کی ہو اس کے متعلق متصور ہوگا کہ دستاویز کی تکمیل کی تاریخ پر وہ اسٹامپ فی الواقع استعمال کیا گیا ہے ۔

25. *[(1) The consideration, if any, and also other facts and circumstances affecting the stamp duty or the amount thereof shall be fully and truly set forth in an instrument.]

Facts affecting stamp duty to be set forth in instrument.

†[(2) Where an instrument is produced in a Court and it does not contain the matters mentioned in sub-section (1) or the Court doubts their correctness, the person producing the instrument shall be directed to state or correct such matters by a petition and, an enquiry if necessary, shall also be made in this behalf and in view of the result thereof the amount of the duty payable shall be determined. If he does not pay the duty with ten times thereof within such period as may be fixed by the Court for this purpose, the instrument shall be impounded under section 31 and sent to the Taluqdar of the district concerned and a copy of the result of the enquiry shall be forwarded to the Inspector General of Stamps so that he may, if necessary, deal with it under section 60 or section 62.]

*Amended by Act No. IV of 1346 F.
†Amended by Act No. XIII of 1354 F.

قانون اسٹامپ - نشان (۴) ۱۳۳۱ف

دفعہ ۲۵ - [۱] ۱ - (۱) - ہر دستاویز میں اس کا بدل واقعات جو رسوم اسٹامپ پر موثر ہوں اُن کی صراحت دستاویز میں کیجانی چاہیئے -

(اگر کوئی ہو) اور نیز اور واقعات اور حالات جو رسوم اسٹامپ یا اُس کی مقدار پر موثر ہو سکتے ہیں بلاکم و کاست اور صحیح صحیح درج کئے جائیں گے -]

[۲] ۲ (۲) - جب کوئی دستاویز عدالت میں پیش ہو اور اوس میں امور متذکرہ ضمن (۱) درج نہ ہوں یا عدالت کو اون کی صحت میں شبہ ہو تو پیش کنندہ دستاویز کو اون امور کا اظہار یا اون کی تصحیح بذریعہ درخواست کرنے کا حکم دیا جائے گا اور اگر ضرورت معلوم ہو تو اسبارہ میں تحقیقات بھی کی جائے گا - اور اس کے نتیجہ کے لحاظ سے واجب الادا رسوم کی تعداد کا تعین کیا جائے گا - اور اگر وہ ایسی مدت کے اندر جو عدالت اس غرض کے لئے معین کرے اسس قدر رسوم مع دہ چند ادا نہ کرے تو دستاویز حسب دفعہ ۳۱ ضبط کر کے تعلقدار ضلع متعلقہ کے پاس بھیجدی جائیگی اور نتیجہ تحقیقات کی نقل انسپکٹر جنرل اسٹامپ کے

۱ - ترمیم بموجب قانون نشان (۴) ۱۳۳۶ف
۲ - " " قانون نشان (۱۳) ۱۳۵۴ف

*[*Explanation*:—For the purposes of this section "Court" shall include all such persons as are authorised to receive evidence by any law or with the consent of the parties.]

پاس روانہ کی جائے گی تاکہ وہ بصورت ضرورت حسب دفعہ ۶۰ یا دفعہ ۶۲ کارروائی کرسکے۔]

[توضیح۔ دفعہ ہذا کے اغراض کے لئے "عدالت" میں وہ جملہ اشخاص داخل ہونگے جو کسی قانون کی رو سے یا بہ رضامندی فریقین شہادت لینے کے مجاز ہوں۔]

Directions as to payment of duty on certain kinds of conveyances.

26. (1) Where a contract has been made for the sale of a property, for only one consideration for the whole property and separate parts of such property are transferred to the purchaser by different instruments, the consideration shall be apportioned in such manner as the parties think fit:

بعض قسم کی دستاویزات انتقال پر رسوم کی ادائی کے متعلق ہدایات۔

دفعہ ۲۶۔ (۱)۔ جب کسی جائداد کے بیع کا معاہدہ ہوا ہو اور کل جائداد کا ایک ہی بدل ہو اور اس جائداد کے مختلف حصص مختلف دستاویزات کی رو سے مشتری کے حق میں منتقل کئے جائیں تو بدل کی تقسیم رسدی اُس طریقہ سے کی جائے گی جو فریقین مناسب خیال کریں

Provided that a distinct consideration for each part shall be set forth in the conveyance and ad valorem duty shall be payable on such conveyance according to consideration contained in the instrument.

مگر شرط یہ ہے کہ بیعنامہ میں ہر حصہ کے لئے علیحدہ علیحدہ بدل درج کیا جائے گا اور اس بیعنامہ پر بدل مندرجہ دستاویز کے لحاظ سے رسوم اسٹامپ بلحاظ مالیت واجب الادا ہوگا۔

*Amended by Act No. V of 1350 F.

ـــ ترمیم بموجب قانون نشان (۵) ۱۳۵۰ف

(2) where a contract has been made for the sale of a property for one consideration, by two or more persons jointly, or by one person for himself and others, or wholly for other persons and the property is transferred in parts by separate instruments to the persons by whom or for whose benefit each part was purchased, for distinct part of the consideration, ad valorem duty shall be payable on the conveyance in respect of the part of the consideration contained therein.

(3) Where a person having contracted for the purchase of any property, but before having a sale deed executed contracts to sell that property to any other person and the property is in consequence of that contract transferred immediately to such other person an ad valorem duty shall be payable on the sale deed in respect of the consideration as agreed upon between the first purchaser and the second purchaser.

(۲)۔ جب دو یا زیادہ اشخاص سے بالاشتراک یا ایک شخص سے اُس کے اور دوسرے اشخاص کے لئے یا کلاً دوسرے اشخاص کیلئے کسی جائداد کے ایک ہی بدل کی بابت بیع کا معاہدہ ہوا ہو اور علٰحدہ علٰحدہ دستاویزات کے ذریعہ سے ہر شخص کے حق میں جس نے یا جس کے فائدے کے لئے ہر حصہ خریدا گیا ہو بدل کے علٰحدہ جز کی بابت وہ حصہ منتقل کیا جائے تو ہر بیعنامہ پر بدل کے اُس جز کی مالیت کے لحاظ سے جو اُس میں درج ہو رسوم واجب الادا ہوگی۔

(۳)۔ جب کسی شخص نے کسی جائداد کے خریدنے کا معاہدہ کیا ہو لیکن بیعنامہ کی تکمیل کے قبل اُس جائداد کو کسی دوسرے شخص کے حق میں بیع کرنے کا معاہدہ کرے اور اس معاہدہ کی بناء پر جائداد فوراً اُس دوسرے شخص کے حق میں منتقل کی جائے تو دستاویز انتقال پر اس بدل کی مالیت کے لحاظ سے رسوم واجب الادا ہوگی جو خریدار اول اور خریدار ثانی کے مابین قرار پایا ہو۔

(Translation)

(4) Where a person having contracted for the purchase of any property, but before having a sale deed executed contracts to sell the whole property or any part thereof to any other person or persons, and the different parts of the property are in consequence transferred by the original seller to different persons, an ad valorem duty shall be payable on each such sale deed executed in favour of the second purchaser, in respect of the consideration paid by him, without regard to the value of the original consideration; and the duty on the sale deed of the residue of the property, if any, executed in favour of the original seller shall be payable with regard to the difference between the consideration of the original seller and the aggregate of the consideration of the subsequent purchasers:

Provided that the duty on the last-mentioned sale deed shall in no case be less than one rupee.

(5) Where a subsequent purchaser having a sale deed executed by the person whose interests are purchased by him and paid

(۴) ۔ جب کسی شخص نے کسی جائداد کے خریدنے کا معاہدہ کیا ہو لیکن بیعنامہ کی تکمیل کے قبل وہ اُس کل جائداد کو یا اُس کے کسی حصہ کو کسی دوسرے شخص یا اشخاص کے حق میں بیع کرنے کا معاہدہ کرے اور اس کی وجہ سے اصل بائع اُس جائداد کے مختلف حصص مختلف اشخاص کے حق میں منتقل کرے تو ہر بیعنامہ پر جو خریدار ثانی کے حق میں تکمیل کیا جائے بلالحاظ اصل بدل کی مالیت کے اس مالیت کے لحاظ سے رسوم واجب الادا ہوگی جو اُس بدل کی ہو جو اُس نے دیا ہو اور جائداد کے یا حیثیت حصہ کے (اگر کوئی ہو) بیعنامہ پر جو اصل بائع کے حق میں تکمیل کیا جائے اُس تفاوت کے لحاظ سے رسوم واجب الادا ہوگی جو اصل بائع کے بدل اور خریداران مابعد کے مجموعی بدل کی مالیت میں ہو ۔

مگر شرط یہ ہے کہ آخر الذکر بیعنامہ پر رسوم کسی حالت میں عشر سے کم نہ ہوگی ۔

(۵) ۔ جب خریدار مابعد نے اس شخص سے بیع نامہ کی تکمیل کرالی ہو جس کے حقوق اُس نے

an ad valorem duty in respect of such sale deed gets a sale deed of the same property executed by the original seller in his favour, an ad valorem duty shall be payable on the sale deed with regard to the amount of consideration obtained by the original seller, but where such duty exceeds five rupees, a duty of five rupees shall be payable.

خریدے ہوں اور اُس بیع نامہ پر بدل کی مالیت کے لحاظ سے رسوم ادا کر دی ہو اور اُس کے بعد وہ اصل بائع سے اُسی جائداد کے متعلق اپنے حق میں بیعنامہ کی تکمیل کرائے تو اُس بیعنامہ پر اُس بدل کی مالیت کے لحاظ سے رسوم واجب الادا ہوگی جو اصل بائع نے حاصل کیا ہو۔ لیکن اگر اُس رسوم کی مقدار صد سے زائد ہو تو صد رسوم واجب الادا ہوگی۔

E. Duties by whom payable.

27. Unless there is an agreement to the contrary between the parties, the liability for payment of the stamp-duty shall be as follows:—

Duties by whom payable.

(ھ)۔ رسوم کس کے ذمہ واجب الادا ہے۔

دفعہ ۲۷۔ رسوم کس کے ذمہ واجب الادا ہے۔ بجز اسکے کہ فریقین میں کوئی قرارداد اُس کے خلاف ہو رسوم اسٹامپ کی ادائی کی ذمہ داری بہ طریق ذیل ہوگی:۔

(a) on the instruments described in the following articles of the Schedule:—

(الف)۔ اُن دستاویزات پر جن کی ضمیمہ کی مدات ذیل میں صراحت ہے۔

Article (2) Administration Bond,

مد (۲) اقرارنامہ اہتمام ترکہ۔

Article (6) Agreement relating to Deposit of Title-deeds, or pledge,

مد (۶) اقرارنامہ متعلق مکفولی دستاویزات حقیت یا گرو۔

Article (9) Bill of exchange,

مد (۹) بل آف ایکسچینج۔

Article (10) Bond,

مد (۱۰) تمسک۔

(*Translation*)

Article (18) Debenture,

Article (21) Further charge,

Article (23) Indemnity Bond,

Article (28) Mortgage-Deed,

Article (35) Promissory Note,

Article (39) Release,

Article (40) Security-Bond or Mortgage-Deed,

Article (41) Settlement,

Article (43) (a) Transfer of shares in a company or body corporate,

Article (43) (b) Transfer of debentures, being marketable securities whether they are liable to duty or not,

Article (43) (c) Transfer of any interest secured by executing a bond, mortgage-deed or policy of insurance –

by the person executing such instruments;

(b) in the case of a policy of insurance *[other than fire insurance] by the person effecting the insurance ;

*Added by Regulation No. XIV of 1359 F.

قانون اسٹامپ ۔ نشان (۴) ۱۳۳۱ف

مد (۱۸) ڈبنچر ۔

مد (۲۱) دستاویز کفالت مزید ۔

مد (۲۳) ابرار نامہ ۔

مد (۲۸) رہن نامہ ۔

مد (۳۵) پرامیسری نوٹ ۔

مد (۳۹) دستاویز دست برداری ۔

مد (۴۰) ضمانت نامہ یا رہن نامہ ۔

مد (۴۱) تملیک نامہ ۔

مد (۴۳) (الف) انتقال حصص متعلقہ کمپنی یا جماعت سند یافتہ ۔

مد (۴۳) (ب) انتقال ڈبنچرز جو قابل خرید و فروخت کفالت ہوں خواہ اُن پر رسوم واجب الاخذ ہو یا نہ ہو ۔

مد (۴۳) (ج) انتقال کسی حقیت کا جواز روئے تحریر تمسک یا رہن نامہ یا دستاویز بیمہ کے مستحکم کی گئی ہو ۔

اُس شخص کی جانب سے جو دستاویزات مذکورہ کی تکمیل کرے ۔

(ب) دستاویز بیمہ *[other than fire insurance] کی صورت میں اس شخص کی جانب سے جو بیمہ کرائے ۔

*Added by Regulation No. XIV of 1359 F.

*(bb) in the case of a policy of fire-insurance by the person issuing the policy;

(ب ب) ۔ بیمہ نامہ کی صورت میں (جس میں جائداد مرہونہ کا انتقال مکرر داخل ہے ۔) منتقل الیہ کی جانب سے اجارہ یا اقرار نامہ اجارہ کی صورت میں ۔ اس شخص کی جانب سے جس کے حق میں اجارہ دیا جائے یا اجارہ دینے کا وعدہ کیا جائے ۔

(c) in the case of a conveyance (including reconveyance of mortgaged property) by the transferee; and in the case of a lease or agreement to lease by the person to whom a lease is granted or a lease is promised to be granted;

(د) ۔ مثنیٰ اجارہ کی صورت میں اجارہ دہندہ کی جانب سے ۔

(d) in the case of a counterpart of a lease by the lessor;

(ھ) ۔ دستاویز مبادلہ اشیاء کی صورت میں فریقین کی جانب سے بحصص مساوی ۔

(e) in the case of an instrument of exchange by the parties in equal shares;

(و) ۔ سند نیلام کی صورت میں ۔ اس جائداد کے خریدار کی جانب سے جس سے سند کا تعلق ہو ۔

(f) in the case of a certificate of sale by the purchaser of the property to which the certificate relates ;

(ز) ۔ تقسیم نامہ کی صورت میں ۔ ہر فریق کی جانب سے اُس نسبت سے جو کل جائداد تقسیم شدہ کے ساتھ اُس کے حصہ کی ہو یا جب تقسیم فیصلہ ثالثی

(g) in the case of an instrument of partition by each party in proportion to its share in the whole property partitioned, or, when the partition is made under an award of private arbitration, according to the value of the property to be received by each party by the arbitration award except when otherwise directed by the arbitration award.

*Amended by Regulation No. XIV of 1359 F.

(Translation)

28. When a person receives any money exceeding twenty rupees or a bill of exchange, cheque or promissory note for an amount exceeding twenty rupees or receives in full or part payment of a debt any movable property exceeding twenty rupees in value, he shall give a duly stamped receipt for the same when a receipt is duly demanded by a person delivering money, bill of exchange, cheque, promissory note or movable property.

Obligation to give receipt in certain cases.

CHAPTER III.

DETERMINATION OF STAMP DUTIES.

29. (1) When any instrument, whether executed or not and whether stamped or not, is produced before the Taluqdar and the person

Determination of stamp duties.

قانون اسٹامپ - نشان (۴) ۱۳۳۱ف

خانگی کی بناء پر عمل میں آئی ہو تو اُس جائداد کی مالیت کے لحاظ سے جو فیصلہ ثالثی کی بناء پر ہر فریق کو پہونچنے والی ہو بجز اس کے کہ فیصلہ ثالثی میں اُس کے خلاف حکم ہو۔

بعض صورتوں میں رسید دینے کی ذمہ داری۔

دفعہ ۲۸۔ جب کسی شخص کو عہ بیس روپیہ سے زائد رقم وصول ہو یا عہ بیس روپیہ سے زائد رقم کی بابت کوئی بل آف اکسچینج۔ چک یا پرامیسری نوٹ وصول ہو۔ یا کسی قرضہ کی کلاً یا جزاً ادائی میں کوئی جائداد منقولہ جس کی مالیت بیس روپیہ سے زائد ہو وصول ہو تو وہ اُسکی بابت حسب ضابطہ اسٹامپ شدہ رسید دیگا۔ جب کہ رقم یا بل آف اکسچینج یا چک یا پرامیسری نوٹ یا جائداد منقولہ حوالہ کرنے والا شخص حسب ضابطہ رسید طلب کرے۔

باب سوم

تشخیص اسٹامپ۔

تشخیص اسٹامپ۔

دفعہ ۲۹ (۱)۔ جب کوئی

producing it applies to have the opinion of the Taluqdar as to the amount of duty, if any, payable thereon and pays a fee of such amount (not exceeding five rupees and not less than eight annas) as the Taluqdar may direct, the Taluqdar shall determine the amount of duty, if any, which, in his opinion, is payable on that instrument.

(2) For carrying out this purpose the Taluqdar may require the person presenting it to produce an abstract of the instrument, and to prove by such affidavit or other evidence as he may deem necessary that all the facts and circumstances affecting the duty payable or the amount thereof are fully and truly set forth in the instrument and may refuse to proceed upon such application until abstract and evidence have been produced accordingly:

دستاویز خواہ اُس کی تکمیل ہوی ہو یا نہ ہوئی ہو اور خواہ اُس پر اسٹامپ ثبت ہو یا نہ ہو تعلقدار کے روبرو پیش کی جائے اور پیش کنندہ تعلقدار کی رائے اس امر کے متعلق دریافت کرنے کی درخواست کرے کہ اُس دستاویز پر کس قدر رسوم (اگر کوئی ہو) واجب الادا ہے اور درخواست کے ساتھ اُس قدر فیس (جو ۵ روپے سے زائد اور ۸ آنے سے کم نہ ہو) داخل کرے جس کی تعلقدار ہدایت کرے تو تعلقدار اس امر کا تعین کرے گا کہ اُس کی رائے میں اُس دستاویز پر کس قدر رسوم (اگر کوئی ہو) واجب الادا ہے۔

(۲)۔ اس غرض کی تکمیل کے لئے تعلقدار پیش کنندہ کو حکم دے سکتا ہے کہ دستاویز مذکور کا خلاصہ پیش کیا جائے۔ اور حلف نامہ سے یا اور شہادت سے جو وہ ضروری خیال کرے یہ ثابت کیا جائے کہ کل واقعات اور حالات جو رسوم واجب الادا یا اُس کی مقدار پر موثر ہو سکتے ہیں اُس دستاویز میں بلا کم و کاست صحیح صحیح درج کئے گئے ہیں اور اُس درخواست کے متعلق اُس وقت تک کوئی کارروائی

(*Translation*)

Provided that, —

(a) the evidence produced in pursuance of the direction referred to in this section shall not be used against any person in any civil proceeding, except in the proceedings as to the amount of duty which is payable on the instrument to which the evidence relates;

(b) every person who has produced the aforesaid evidence shall, on payment of the full duty payable on the instrument, be relieved from the penalty which he may have incurred under this Act by reason of omission to state fully and truly in the aforesaid instrument the facts and circumstances relating to such evidence.

Certificate by Taluqdar.

30. (1) When an instrument produced before the Taluqdar under Section 29 is, in his opinion, liable for the payment of duty, and—

کرنے سے انکار کرسکتا ہے جبتک حکم کے موافق خلاصہ اور شہادت پیش نہ ہو۔

مگر شرط یہ ہے کہ

(الف)۔ حکم متذکرۂ دفعہ ہذا کی تعمیل میں جو شہادت پیش کی جائے وہ کسی شخص کے مقابلہ میں کسی دیوانی کارروائی میں استعمال نہ کی جاسکے گی۔ بجز اس کارروائی کے جو اس امر کے متعلق ہو کہ اس دستاویز پر کس قدر رسوم واجب الادا ہے جس سے اُس شہادت کا تعلق ہے۔

(ب)۔ ہر شخص جس نے شہادت متذکرہ صدر پیش کی ہو اس کامل رسوم کے ادا کرنے پر جو اُس دستاویز پر واجب الادا ہو اُس تاوان سے سبکدوش ہوجائے گا جو اُس پر قانون ہذا کی رو سے اس وجہ سے عائد ہوسکتا ہو کہ اُس نے دستاویز متذکرۂ صدر میں وہ واقعات اور حالات بلاکم و کاست اور صحیح صحیح درج نہیں کئے ہیں جن کا اس شہادت سے تعلق ہے۔

تعلقدار کا صداقت نامہ۔ | دفعہ ۳۰۔ (۱) جب دستاویز حسب دفعہ ۲۹ تعلقدار کے روبرو پیش ہوئی ہو اور وہ اُس کی رائے میں قابل ادائی

(*Translation*)

(a) the Taluqdar is of the opinion that it is duly stamped, or

(b) the duty determined by the Taluqdar in accordance with section 29 or such sum as is necessary to make up the payable duty so determined has been paid,

the Taluqdar shall certify by endorsement on such instrument that the full duty (stating the amount) payable has been paid.

(2) When such instrument is, in the opinion of the Taluqdar, not liable for duty, he shall certify in manner aforesaid that such instrument is not liable for duty.

(3) Any instrument upon which an endorsement has been made under this section, shall accordingly be deemed to be duly stamped, or not liable for payment of duty; and if liable for payment of duty, shall be admitted in evidence or otherwise, and may be acted upon or registered as if it had been originally duly stamped :

رسوم ہو - اور

(الف) - تعلقدار کی یہ رائے ہو کہ وہ حسب ضابطہ اسٹامپ شدہ ہے - یا

(ب) - تعلقدار نے حسب منشاء دفعہ ۲۹ جو رسوم تشخیص کی ہو وہ ادا کی گئی ہو یا اُس قدر رقم ادا کی گئی ہو جو مشخصہ رسوم واجب الادا کی تکمیل کے لئے ضروری ہو

تو تعلقدار بذریعہ عبارت ظہری مندرجہ دستاویز مذکور اس امر کی تصدیق کرے گا کہ اس کی بابت کامل رسوم (بہ صراحت رقم) جو واجب الادا ہے ادا کی گئی ہے -

(۲) - جب تعلقدار کی رائے میں دستاویز مذکور قابل ادای رسوم نہ ہو تو وہ حسب طریقہ متذکرہ صدر اس امر کی تصدیق کرے گا کہ دستاویز مذکور قابل ادائی رسوم نہیں ہے -

(۳) - ہر دستاویز جس پر حسب دفعہ ہذا عبارت ظہری لکھی گئی ہو اُس کے لحاظ سے حسب ضابطہ اسٹامپ شدہ یا ناقابل ادائی رسوم متصور ہوگی اور اگر وہ قابل ادائی رسوم ہو تو وہ اُسی طرح شہادت میں یا اور طور پر قبول کی جائے گی اور اُس پر

Provided that nothing in this section shall authorise the Taluqdar to make an endorsement —

عمل کیا جاسکے گا یا اس کی رجسٹری کی جاسکے گی گویا کہ وہ ابتداءً حسب ضابطہ اسٹامپ شدہ تھی۔

مگر شرط یہ ہے کہ دفعہ ہذا کے کسی مضمون سے تعلقدار عبارت ظہری لکھنے کا مجاز نہ ہوگا۔

(a) when an instrument is executed or first executed in H.E.H. the Nizam's Dominions and produced before him after two months from the date of such execution or first execution;

(الف)۔ جب کہ دستاویز کی تکمیل یا تکمیل اوّل ممالک محروسہ سرکار عالی میں ہوئی ہو اور ایسی تکمیل یا تکمیل اول کی تاریخ سے دو مہینے کے بعد وہ اس کے روبرو پیش ہوئی ہو۔

(b) when an instrument is executed or first executed out of H.E.H. the Nizam's Dominions and produced before him after three months from the date when it was first received in H.E.H. the Nizam's Dominions; or

(ب)۔ جب کہ دستاویز کی تکمیل یا تکمیل اول بیرون ممالک محروسہ سرکار عالی ہوئی ہو اور اوس کے ممالک محروسہ سرکار عالی میں اوّل مرتبہ موصول ہونے کی تاریخ سے تین مہینے کے بعد وہ اُس کے روبرو پیش ہوئی ہو۔ یا

(c) when a duty of *[one and a half annas or one anna] is payable on an instrument or it is a bill of exchange or promissory note when produced before him after the execution is not duly stamped.

(ج)۔ جب کہ دستاویز پر * [ONE AND A HALF ANNA OR ONE ANNA.] کا رسوم واجب الادا ہو یا وہ بل آف اکس چینج

*Substituted by Regulation No. XIV of 1359 F.

*Substituted by Regulation No. XIV of 1359 F.

CHAPTER IV.

INSTRUMENTS NOT DULY STAMPED.

Examination and impounding of instruments.

31. (1) Every person having by law or consent of parties authority to receive evidence and every person in charge of a Government office, except an officer of police before whom any instrument, liable in his opinion for duty, is produced or comes in the performance of his functions, shall, if it appears to him that it is not duly stamped, impound the same.

(2) For that purpose, every person before whom any instrument liable for duty is produced or comes, shall examine it, in order to ascertain

قانون اسٹامپ ۔ نشان (۴) ۱۳۳۱ف
یا پرامیسری نوٹ ہو اور جب وہ تکمیل کے بعد
اُس کے روبرو پیش ہوا ہو تو حسب ضابطہ اسٹامپ
شدہ نہ ہو ۔

باب چہارم

دستاویزات جو حسب ضابطہ
اسٹامپ شدہ نہ ہوں ۔

دستاویزات کا معائنہ اور ان کی ضبطی | دفعہ ۳۱ ۔ (۱) :
ہر شخص جو قانوناً یا بہ رضامندی فریقین شہادت لینے
کا اختیار رکھتا ہو اور سوائے عہدہ دار کو توالی کے
ہر سرکاری دفتر کا افسر نگران جب اُس کے روبرو
کوئی ایسی دستاویز جو اس کی رائے میں قابل
ادائی رسوم ہو پیش کی جائے یا اُس کے فرائض
کی انجام دہی میں اس کے سامنے آئے اور یہ
معلوم ہو کہ وہ حسب ضابطہ اسٹامپ شدہ نہیں
ہے تو وہ اُس کو ضبط کرے گا ۔

(۲) ۔ اس غرض کے لئے ایسا ہر شخص
جس کے روبرو کوئی دستاویز قابل ادائی رسوم

whether the instrument is stamped with a stamp of the value and description required by the law in force in H.E.H. the Nizam's Dominions at the time of execution or first execution of such instrument:

قانون اسٹامپ ۔ نشان (۴) ۱۳۳۱ف
پیش ہو یا اُس کے سامنے آئے اس امر کا تعین
کرنے کے لئے اُس کا معائنہ کرے گا کہ آیا اُس دستاویز
کی تکمیل یا تکمیل اوّل کے وقت اُس پر اُس قدر
مالیت کا اور اس قسم کا اسٹامپ ثبت تھا یا
نہیں جو قانون نافذہ ممالک محروسہ سرکار عالی
کی رو سے لازمی ہے ۔

Provided that,—

مگر شرط یہ ہے کہ

(a) nothing contained in this section shall require any Magistrate or Judge of a Criminal Court to examine or impound if he does not think fit so to do, any instrument coming before him in any proceeding other than a proceeding under Chapter XI and Chapter XXXI of the Code of Criminal Procedure ;

(الف) ۔ دفعہ ہذا کے کسی حکم کی وجہ سے
یہ لازمی نہ ہوگا کہ کوئی ناظم فوجداری یا حاکم عدالت
فوجداری کسی ایسی دستاویز کا معائنہ یا اس کو
ضبط کرے جو اُس کے روبرو مجموعہ ضابطہ فوجداری
کے باب ۱۱ و باب ۳۱ کی کارروائی کے سوائے
کسی اور کارروائی میں آئی ہو جب کہ وہ معائنہ
یا ضبطی کا حکم دینا مناسب نہ خیال کرے ۔

(b) in the Judicial Committee and the High Court, the Registrar may also pass order under this section for examining or impounding any instrument ;

(ب) ۔ جوڈیشل کمیٹی اور مجلس عالیہ
عدالت میں کسی دستاویز کے معائنہ اور ضبطی کا
حکم حسب دفعہ ہذا رجسٹرار بھی صادر کر سکے گا ۔

(c) for the purposes of this Section, in case of doubt the Govern-

(۳) ۔ دفعہ ہذا کی اغراض کے لئے شبہ کی

ment may, determine what offices shall be deemed to be Government offices and what officer shall be deemed to be officer-in-charge.

صورت میں سرکار عالی اس امر کا تعین کریگی کہ کون سے دفاتر سرکاری دفاتر متصور ہوں گے اور کون سا عہدہ دار افسر نگران متصور ہوگا۔

Special provision as to unstamped receipt.

32. Where any receipt on which a duty of one anna is payable is produced before any Government officer unstamped in the course of the audit of Government accounts, such officer may, in his discretion, instead of impounding the instrument, require a duly stamped receipt to be substituted therefor.

غیر اسٹامپ شدہ رسید کے متعلق خاص حکم۔

دفعہ ۳۲۔ جب کسی سرکاری عہدہ دار کے روبرو سرکاری حسابات کی تنقیح کے وقت کوئی ایسی رسید جس پر ارکار سوم واجب الادا ہو بغیر اسٹامپ کے پیش کی جائے تو عہدہ دار مذکور اپنی صوابدید کے موافق اُس دستاویز کو ضبط کرنے کے بجائے یہ حکم دے سکتا ہے کہ اُس کے بجائے حسب ضابطہ اسٹامپ شدہ رسید قائم کیجائے۔

Instruments not duly stamped inadmissible in evidence.

33. * [(1)] No person having by law or consent of parties authority to receive evidence, shall admit in evidence an instrument on which duty is payable and no such person or Government servant shall act upon, register or authenticate it unless it is duly stamped :

دستاویزات جو حسب ضابطہ اسٹامپ شدہ نہ ہوں وہ ناقابل ادخال شہادت ہیں۔

دفعہ ۳۳۔ [(۱)]۔ کوئی شخص جو قانوناً یا بہ رضامندی فریقین شہادت لینے کا اختیار رکھتا ہو کسی ایسی دستاویز کو جس پر رسوم واجب الادا ہو شہادت میں قبول نہ کرے گا اور نہ کوئی ایسا شخص یا کوئی سرکاری ملازم اُس پر عمل کرے گا یا اُس کی رجسٹری یا تصدیق کرے گا

* Amended by Act No. of 1340 F.

ے۔ ترمیم بموجب قانون نشان ۱۳۴۰ف

(Translation)

Provided that,—

(a) any such instrument, not being an instrument on which a duty of *[one and a half annas or one anna] is payable or a bill of exchange or promissory note, shall, subject to all just exceptions, be admissible in evidence when the duty payable thereon is paid, or if the duty is insufficiently paid, when it is made up and an amount of rupees five is paid by way of a penalty or when ten times the amount of the duty payable or deficiency thereof exceeds five rupees, a sum equal to ten times the duty payable or the amount of deficiency is paid.

(b) where any person, from whom a stamped receipt could have been demanded, has been given an unstamped receipt, and such receipt, if stamped, can be used against him, such receipt shall be used in evidence against him provided the person tendering it pays a penalty of one rupee;

*Substituted by Regulation No. XIV of 1359 F.

بجز اس کے کہ وہ یا ضابطہ اسٹامپ شدہ ہو۔

مگر شرط یہ ہے کہ

(الف)۔ کوئی ایسی دستاویز جو ایسی نہ ہو جس پر [ONE AND A HALF ANNAS OR ONE ANN.] کا رسوم واجب الادا ہو یا بل آف اکسچینج یا پرامیسری نوٹ نہ ہو بتابعت جملہ مستثنیات معقولہ کے شہادت میں قبول کی جاسکے گی جب کہ وہ رسوم ادا کردی جائے جو اُس پر واجب الادا ہو یا اگر اُس پر واجب الادا رسوم سے کم رسوم ادا کی گئی ہو تو رسوم واجب الادا کا تکملہ کردیا جائے اور پانچ روپیہ بطور تاوان ادا کئے جائیں یا جب کہ رسوم واجب الادا یا تعداد کمی رسوم کا دہ گونہ پانچ روپیہ سے زائد ہو تو اُس قدر رقم ادا کی جائے جو رسوم واجب الادا یا تعداد کمی رسوم کے دہ گونہ کے مساوی ہو۔

(ب)۔ جب کسی شخص نے جس سے اسٹامپ شدہ رسید طلب کی جاسکتی ہو غیر اسٹامپ شدہ رسید دی ہو اور وہ رسید اسٹامپ شدہ ہونے

*Substituted by Regulation No. XIV of 1359 F.

کی صورت میں اُسکے خلاف استعمال ہوسکتی ہو تو ایسی رسید اُسکے خلاف شہادت میں استعمال کیجاسکے گی بشرطیکہ اس کا پیش کنندہ بعد صرف روپیہ تا ۱۱۱ اکیسے۔

(c) where a contract or agreement is effected by correspondence consisting of two or more letters and any one of such letters bears the stamp payable the contract or agreement shall be deemed to be duly stamped ;

(ج) ۔ جب کوئی معاہدہ یا عہد ایسی مراسلت کے ذریعہ سے منعقد ہوا ہو جو دو یا زیادہ چٹھیوں پر مشتمل ہو اور ان چٹھیوں میں سے کسی ایک چٹھی پر رسوم واجب الادا ثبت ہو تو وہ معاہدہ یا عہد حسب ضابطہ اسٹامپ شدہ متصور ہوگا۔

(d) nothing contained in this section shall prevent the admission of any instrument in evidence in any proceeding in a Criminal Court, other than a proceeding under Chapter XI and Chapter XXXI of the Hyderabad Code of Criminal Procedure No. IV of 1313 F ;

(د) ۔ دفعہ ہذا کا کوئی مضمون کسی دستاویز کے کسی فوجداری عدالت کی کارروائی میں باستثناء اس کارروائی کے جو مجموعہ ضابطہ فوجداری سرکار عالی نشان (۴) ۱۳۱۳ف کے باب ۱۱ و باب ۳۱ کی رو سے کی جائے شہادت میں قبول کئے جانے کے مانع نہ ہوگا۔

(e) nothing contained in this section shall prevent the admission of any instrument in any Court when such instrument has been executed by or on behalf of the Government, or were it bears the certificate of the Taluqdar as provided by section 30 or any other provision of this Act.

(ھ) ۔ دفعہ ہذا کا کوئی مضمون کسی دستاویز کے کسی عدالت میں قبول کئے جانے کے مانع نہ ہوگا جب ایسی دستاویز کی تکمیل سرکار عالی نے کی ہو یا سرکار عالی کی جانب سے کی گئی ہو یا

[*(2) Omitted.]

(۲)۔[حذف]

34. Where an instrument has been admitted in evidence, such admission shall not, except as provided in section 59, be called in question at any stage of the same suit or proceedings on the ground that it is not duly stamped.

Instrument admitted not to be questioned.

دفعہ ۳۴۔ جب کوئی دستاویز شہادت میں قبول کی جاچکی ہو تو اُس کے اس طرح قبول کئے جانے کے متعلق باستثنار اس صورت کے جس کی دفعہ ۵۹ میں صراحت ہے اس مقدمہ یا کارروائی کی کسی نوبت پر اس بنا پر اعتراض نہ کیا جاسکے گا کہ وہ حسب ضابطہ اسٹامپ شدہ نہیں ہے۔

35. The Government may make rules providing that where an instrument bears a stamp of sufficient amount but not of the description prescribed for the instrument, it may, on payment of the duty payable, be certified to be duly stamped, and the instrument so certified shall be deemed to have been duly stamped on the date of execution.

Admission of instruments bearing stamp of description different from that prescribed therefor.

دفعہ ۳۵۔ سرکار عالی اس امر کے متعلق قواعد وضع کرسکے گی کہ جب کسی دستاویز پر کافی مقدار کا اسٹامپ ثبت ہو لیکن وہ اس قسم کا نہ ہو جو اس دستاویز کے لئے مقرر کیا گیا ہو تو رسوم

*Omitted by Regulation No. LXVII of 1358 F.

۵۔ حذف بموجب دستور اصل نشان (۶۷) ۱۳۵۸ف

(*Translation*)

36. (1) When the person impounding an instrument under section 31 has by law or consent of parties authority to receive evidence and admits the instrument on payment of a penalty referred to in section 33 or of duty referred to in section 35, he shall send to the Taluqdar an authentic copy of such instrument, together with a certificate stating the amount of penalty or duty recovered in respect thereof, and such amount shall be sent to the Taluqdar or to the person appointed for this work.

Instruments impounded, how dealt with.

(2) In any case other than the case specified in sub-section (1), the instrument impounded shall be sent to the Taluqdar in original.

قانون اسٹامپ ۔ نشان (۴) ۱۳۳۱ف

دفعہ ۳۶ ۔ جو دستاویزات ضبط کئے جائیں ان کے متعلق کس طرح عمل کیا جائے گا ۔

(۱) ۔ جب وہ شخص جس نے کسی دستاویز کو حسب دفعہ ۳۱ ضبط کیا ہو قانوناً یا بہ رضامندی فریقین شہادت لینے کا مجاز ہو اور وہ اس دستاویز کو تاوان متذکرہ دفعہ ۳۳ یا رسوم متذکرہ دفعہ ۳۵ کے ادا ہونے پر شہادت میں قبول کرے تو وہ تعلقدار کے پاس دستاویز مذکور کی ایک مصدقہ نقل مع تصدیقت نامہ کے بھیجے گا جس میں اس تاوان یا رسوم کی صراحت ہوگی جو اس کے متعلق وصول کی گئی ہے اور وہ رقم تعلقدار یا اس شخص کے پاس بھیجی جائے گی جو اس کام کے لئے مقرر کیا گیا ہو ۔

(۲) ۔ سوائے اس صورت کے جس کی ضمن (۱) میں صراحت کی گئی ہے اصل دستاویز جو ضبط کی جائے تعلقدار کے پاس بھیجی جائیگی ۔

(*Translation*)

Taluqdar's power to refund penalty received under section 36, sub-section (1).

37. (1) When a copy of an instrument is sent to the Taluqdar under sub-section (1) of section 36 he may, if he thinks fit, refund the penalty in excess of five rupees recovered in respect of such instrument.

(2) When the instrument has been impounded only because it has been written in contravention of the provisions of section 11 and section 12, the Taluqdar may refund the whole penalty.

Taluqdar's powers to stamp instruments impounded.

38. (1) When the Taluqdar impounds any instrument under section 31, or receives any instrument under sub-section (2), of section 36, not being an instrument on which a duty of *[one and a half annas or one anna] only is payable or a bill of exchange or promissory note, he shall adopt the following procedure:

*Substituted by Regulation No. XIV of 1359 F.

قانون اسٹامپ۔ نشان (۴) ۱۳۳۱ف

تعلقدار کا اختیار نسبت واپسی زرتاوان جو حسب دفعہ ۳۶ ضمن (۱) وصول ہوا ہو۔

دفعہ ۳۷۔ (۱) جب تعلقدار کے پاس حسب دفعہ ۳۶ ضمن (۱) دستاویز کی نقل بھیجی جائے تو وہ اگر مناسب خیال کرے اس رقم تاوان کو واپس کرسکے گا جو صرف روپیہ سے زائد اس دستاویز کے متعلق وصول کی گئی ہو۔

(۲)۔ جب وہ دستاویز محض اس وجہ سے ضبط کی گئی ہو کہ وہ دفعہ ۱۱ و دفعہ ۱۲ کے احکام کے خلاف لکھی گئی ہے تو تعلقدار کل رقم تاوان واپس کرسکے گا۔

تعلقدار کا اختیار ان دستاویزات پر اسٹامپ ثبت کرنے کے متعلق جو ضبط کیگئی ہو۔

دفعہ ۳۸۔ (۱) جب تعلقدار حسب دفعہ ۳۱ کسی دستاویز کو ضبط کرے یا حسب دفعہ ۳۶ ضمن (۲) کوئی دستاویز اس کو موصول ہو اور ایسی دستاویز پر صرف *[ONE AND A HALF ANNAS OR ONE ANNA] کا رسوم واجب الادا نہ ہو یا وہ بل آف اکسچینج یا پرامیسری نوٹ نہ ہو تو وہ اس کے متعلق حسب طریق ذیل کارروائی کرے گا:۔

*Substituted by Regulation No. XIV of 1359 F.

(a) when he is of opinion that such instrument is duly stamped or that no duty is payable thereon, he shall certify by endorsement thereon that it is duly stamped, or that no duty is payable thereon as, the case may be ;

(ب) جب اس کی یہ رائے ہو کہ دستاویز مذکور پر رسوم واجب الادا ہے اور وہ حسب ضابطہ اسٹامپ شدہ نہیں ہے تو وہ حکم دے گا کہ رسوم مناسب یا اس قدر رقم جو رسوم مناسب کی تکمیل کے لئے ضروری ہو مع تاوان کے ادا کی جائے یا اگر وہ مناسب خیال کرے تو تاوان کے متعلق یہ حکم دیگا کہ وہ اس قدر رقم ادا کرے جو رسوم مناسب یا کمی رسوم مناسب کے دہ گونہ سے زائد نہ ہو خواہ ایسی رقم صد سے کم ہو یا زیادہ ۔

(b) when he is of opinion that duty is payable on such instrument and it is not duly stamped, he shall require the payment of the proper duty or the amount required to make up the same together with a penalty of five rupees or if he thinks fit, he may, in respect of the penalty, direct that he shall pay an amount not exceeding ten times the amount of the proper duty or of the deficient amount thereof whether such amount is less or more than five rupees :

Provided that, when any instrument has been impounded only because it has been written in contravention of the provisions of section 11 and section 12, the Taluqdar may, if he thinks fit, remit the whole penalty mentioned in this section.

مگر شرط یہ ہے کہ جب کوئی دستاویز محض اس وجہ سے ضبط کی گئی ہو کہ وہ دفعہ ۱۱ و دفعہ ۱۲ کے احکام کے خلاف لکھی گئی ہے تو تعلقدار اگر مناسب

(Translation)

(2) Certificate given under clause (a) of sub-section (1) shall, for the purposes of this Act, be conclusive evidence of the matters stated therein.

(3) Where an instrument has been sent to the Taluqdar under sub-section (2) of section 36, the Taluqdar shall, when he has dealt with it as provided in this section, return it to the impounding officer.

39. When any instrument on which duty is payable and not duly stamped, not being an instrument on which a duty of *[one and half anna or one anna] only is payable or a bill of exchange or promissory note, is produced by any person before the Taluqdar within one year from the date of its execution or first execution, and such person brings to the notice of the Taluqdar the fact that such instrument is not duly stamped, and expresses his willingness for the payment of the proper duty or the deficient portion of the amount thereof, and the Taluqdar is satisfied that such instrument is

Instruments unduly stamped by accident.

*Substituted by Regulation No. XIV of 1359 F.

قانون اسٹامپ۔ نشان (۴) ۱۳۳۱ف

(۲)۔ صداقت نامہ جو حسب ضمن (۱) نقرہ (الف) دیا جائے وہ قانون ہذا کی اغراض کیلئے ان امور کی قطعی شہادت ہوگا جو اس میں درج ہوں۔

